بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# جلسہ سالانہ 2014ء

## ہدایات برائے جلسہ گاہ مستورات از طرف نیشنل صدر صاحبہ لجنہ اماءاللہ جرمنی

نوٹ! براہ کرم جلسہ گاہ مستورات سے متعلق درج ذیل ہدایات سٹی/ریجن/حلقہ/مجلس کے تمام پروگرامز میں پڑھ کر سنائی جائیں۔ جزاکم اللہ احسن الجزاء

پیاری ممبرات لجنہ اماءاللہ و ناصرات الاحمدیہ جرمنی!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ!

اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے جلسہ سالانہ جرمنی کے مبارک ایام قریب تر آن پہنچے ہیں۔ان روحانی رونقوں کا ہمیں سارا سال بیقراری سے انتظار رہتا ہے۔جلسہ سالانہ کی برکت سے خلیفۃ المسیح ایدہ اللہ تعالیٰ بنفس نفیس جرمنی کی سرزمین پر موجود ہوتے ہیں اور ہم پیارے آقا کے مبارک ارشادات براہ راست سُننے کی توفیق پاتے ہیں۔ الحمدللہ ثم الحمدللہ

پیاری ممبرات! یہ جلسہ کوئی معمولی اجتماع نہیں یہ نہایت اعلیٰ مقاصد کے لئے الٰہی تحریک پر حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے جاری فرمایا ہے۔آپ نے وہ اعلیٰ مقاصد اپنی تصنیف شہادۃ القرآن میں بیان فرمائے ہیں۔

حضرت مسیح موعودؑ فرماتے ہیں ''اس جلسہ سے مدّعا اور اصل مطلب یہ تھا کہ ہماری جماعت کے لوگ کسی طرح بار بار کی ملاقاتوں سے ایک ایسی تبدیلی اپنے اندر محسوس کریں کہ ان کے دل آخرت کی طرف بکلی جھک جائیں اور ان کے اندر اللہ تعالیٰ کا خوف پیدا ہو اور وہ زہد و تقویٰ اور خدا ترسی اور پرہیزگاری اور نرم دلی اور باہم محبت اور مواخات میں دوسروں کے لئے ایک نمونہ بن جائیں اور انکسار اور تواضع اور راست بازی ان میں پیدا ہو اور دینی مہمات کیلئے سرگرمی اختیار کریں ''۔ پھر مزید فرماتے ہیں ''دل تو یہی چاہتا ہے کہ مبایعین محض للہ سفر کر کے آویں اور میری صحبت میں رہیں اور کچھ تبدیلی پیدا کر کے جائیں کیونکہ موت کا اعتبار نہیں۔'' از روحانی خزائن شہادۃ القران صفحہ نمبر 394،395

حضرت مسیح موعودؑ کی اس تحریر سے ہم سب بخوبی سمجھ سکتے ہیں کہ اس جلسہ کا اصل مقصد ہمارے اندر ایک ایسا عظیم روحانی تغیر لانا ہے۔جہاں دنیاداری اور مادیّت کا گزر نہ ہو نیز حضرت مسیح موعودؑ اپنی جماعت کو اس طرح ایک جان دیکھنا چاہتے ہیں کہ وہ دوسروں کے لئے ایک نمونہ ہو۔

☆ جیسا کہ آپ کو علم ہے کہ امسال جماعت جرمنی کا 39 واں جلسہ سالانہ 13 تا 15/جون 2014 کالسروئے میں منعقد ہو رہا ہے انشاءاللہ تعالیٰ۔دُعا کریں خُداوند کریم اس جلسہ کو ہر جہت سے کامیاب کرے اور اسے خیر و برکت کا موجب بنائے۔آمین

جلسہ کی کامیابی کے لیے خود دعائیں کرنے کے ساتھ ساتھ پیارے آقا کی خدمت میں بھی ضرور دعا کے لئے لکھیں۔اللہ تعالیٰ ہماری حقیر کوششوں میں برکت ڈالے۔اور محض اپنے فضل سے بہترین نتائج سے نوازے۔آمین۔خُدا کرے کہ ہم رضائے باری تعالیٰ کے حصول میں کوشاں اعمال صالحہ بجالانے والی اور اپنے اندر پاک روحانی تبدیلیاں پیدا کرنے والی ہوں۔اور اللہ تعالیٰ ہمیشہ ہمیں خلافت کی راہنمائی میں قدم آگے بڑھانے کی توفیق دے۔آمین

ہمارے محبوب امام سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اپنے خطبہ جمعہ فرمودہ 21/اکتوبر 2011ء میں لجنہ کو توجہ دلاتے ہوئے فرمایا!

> لجنہ میں جو علیحدہ مارکی یا علیحدہ ہال ایسی عورتوں کو دیا جاتا ہے جن کے بچے ہیں۔اُن کو یہ خیال رکھنا چاہئے کہ بچوں کو حتی الوسع اشارے سے خاموش کرانے کی کوشش کریں اور خود تقریر کی طرف توجہ دیا کریں۔جو پروگرام ہو رہا ہے اُس کی طرف توجہ دیا کریں اور سُنا کریں۔یہ ہال اُن کو اس لئے نہیں دیا جاتا ہے کہ خُود بیٹھ کر اپنی گپیں اور کہانیاں شروع کر دیں۔آئندہ اس بارے میں بھی احتیاط ہونی چاہئے اور انتظامیہ کو اس طرف خاص توجہ دینی چاہئے۔
>
> (روزنامہ الفضل 20 دسمبر 2011ء)

حضورِ انور ایدہ اللہ تعالیٰ کے اس فرمان مبارک کی روشنی میں جلسہ گاہ مستورات میں خواتین کے ساتھ ساتھ چھوٹے بچوں کے ایریا کا بہترین نظم و ضبط ہماری اولین ترجیح ہے انشاء اللہ۔اس کے لیے ابھی سے نہ صرف اپنے بچوں کو خاموش بیٹھنے کی ٹریننگ دیں، بلکہ خود بھی اجلاسات اور مختلف جماعتی پروگراموں مثلاً اجتماع وغیرہ میں مکمل خاموشی کا مظاہرہ کریں۔خُدا کرے کہ لجنہ اماءاللہ جرمنی اس سال کم عُمر بچوں کے ایریا میں پہلے سے بہتر نظم و ضبط رکھنے میں کامیاب ہو جائے آمین۔اور یہ آپ کے بھرپور تعاون سے ہی ممکن ہو گا۔انشاءاللہ تعالیٰ

**1) جلسہ گاہ مستورات میں ہال کی تقسیم!** اب آپ کی خدمت میں جلسہ گاہ مستورات میں دونوں ہالوں کی تقسیم کے حوالے سے معلومات اور متفرق اہم شعبہ جات میں

ہدایات پیش ہیں۔

**ہال نمبر 1:۔** ایسی تمام بہنیں جو بچوں کے بغیر ہیں یا ان کے بچے پانچ سال سے زائد عمر کے ہیں ان کے لئے ہال نمبر 1 میں انتظام کیا جائے گا۔ اس مرکزی ہال میں اسٹیج کے علاوہ گرین ایریا، ٹرانسلیشن ایریا اور اسپیشل چیئرز ایریا موجود ہوگا۔ اگر آپ اپنے لئے مخصوص کئے گئے ہال کی بجائے دوسرے میں بیٹھنے کی کوشش کریں گی تو یہ ہمارے لئے پریشانی کا باعث ہوگا اور ہم مجبور ہوں گے کہ آپ سے بار بار یہی درخواست کریں کہ **آپ اندر نہیں جاسکتیں۔ اس لیے براہ کرم اس تقسیم کو مدنظر رکھتے ہوئے جس ہال میں آپ کے بیٹھنے کیلئے انتظام کیا گیا ہے آپ ادھر ہی تشریف لیجائیں۔**

**ہال نمبر 2:۔**

امسال جلسہ گاہ مستورات میں کم عمر بچوں والی خواتین کے لئے ایک علیحدہ ہال کا انتظام کیا گیا ہے یہ ہال نمبر 2 ہوگا۔ ہال میں بیٹھنے کی تقسیم کچھ یوں کی گئی ہے، ہال کو 6 حصوں میں بلاک وائز تقسیم کیا جائے گا اور آپ کی آسانی کے لئے انہیں مختلف رنگوں کا نام دیا جائے گا۔ اور اس ہال میں صرف 5 سال اور اس سے چھوٹے بچوں والی ماؤں کو بیٹھنے کی اجازت ہوگی، نیز وقفہ کے دوران ہال میں کھانا لانے اور کھانے کی اجازت نہیں ہوگی۔

**نمازوں کی ادائیگی! علاوہ ازیں جلسہ کے تینوں ایام میں نماز فجر اور عشاء کی ادائیگی جلسہ گاہ مستورات کے مرکزی ہال میں کی جاسکتی ہے۔ تاہم نماز جمعہ اور جلسہ کے بقیہ دونوں دِنوں میں نماز ظہر وعصر کی ادائیگی کنڈر مارکی میں کی جاسکتی ہے۔**

2) **نظم وضبط:۔** براہ کرم جلسہ کی کاروائی کے دوران نظم وضبط برقرار رکھیں۔ نمازوں کے اوقات میں مکمل خاموشی، نیز نمازوں کے اوقات کا خیال رکھنا، بروقت نماز کے لئے حاضر ہونا بے حد ضروری امر ہے۔ اذان ہو جانے کے بعد سے لے کر نماز کے قیام تک خاموشی اختیار کئے رکھنا اور دعاؤں میں اپنا وقت صرف کرنا بھی نہ صرف نظم وضبط کا حصّہ ہیں بلکہ ان امور پر توجّہ دینا سخت ضروری ہے۔ براہ کرم تمام بہنیں اور بچیاں صفوں کی درستگی کا خیال رکھیں، قبلہ رُخ اچھی طرح سے صف بندی ہو، نیز کندھے سے کندھا ملا ہوا اور درمیان میں خلا نہ ہو۔ دوران نماز اور بعد ازاں تسبیحات کے دوران مکمل خاموشی ہونی چاہئے۔ اپنا زیادہ سے زیادہ وقت ذکر الٰہی میں گزاریں ا۔ ہمیں فضلوں اور برکتوں کو سمیٹنے کے لئے جو موقع مل رہا ہے اسے غنیمت جانیں۔

پیارے آقا ایدہ اللہ تعالیٰ کی جلسہ گاہ میں تشریف آوری ہمارے لئے باعث عزّت وافتخار ہے اور اس مبارک وجود کی برکتوں سے فیضیاب ہونے کہ لئے ضروری ہے کہ ہم سب پیارے آقا سے کئے گئے وعدے کو پورا کریں، وہ وعدہ جو ہم نے خلافت جوبلی کے جلسہ سالانہ جرمنی سے پہلے حضور اقدس سے کیا تھا کہ ہم اطاعت خلافت کا اعلیٰ معیار قائم کریں گی اور نظم وضبط کو قائم رکھیں گی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ نماز جمعہ کی ادائیگی وخطبہ جمعہ کے دوران مکمل خاموشی ہونی چاہئے خطبہ جمعہ نماز کا حصّہ ہے اس دوران بات کرنا یا اشارے کرنا بھی گناہ میں شمار ہوتا ہے، نماز نہ پڑھنی ہو تو صفوں کے درمیان سے ہٹ جانا چاہئے۔ اپنا زیادہ سے زیادہ وقت ذکر الٰہی میں گزاریں۔ اور دوسروں کو بھی اس کی تلقین کریں۔

3) **السلام علیکم کو رواج دینا:۔** سلام کو رواج دینا اور ایک دوسرے سے حسن اخلاق سے پیش آنا، اللہ کے فضل سے ہماری جماعت کا یہ امتیازی نشان ہے۔ محبتیں بڑھانے کا سب سے بڑا ذریعہ السلام علیکم کا تحفہ پیش کرنا ہے۔ ہم میں سے ہر ایک کی کوشش ہونی چاہئے کہ سلام میں پہل کر کے سنت نبویؐ پر عمل پیرا ہو۔ اور حضرت مسیح موعودؑ کی شرائط بیعت میں سے اس شرط کو بھی یاد رکھے کہ اپنی تکلیف پر اپنے بھائی کی تکلیف کو ترجیح دے گا۔ اور ہمدردی سے ہر ایک سے پیش آئے گا۔

4) **جلسہ کے اغراض ومقاصد:۔** حضرت مسیح موعودؑ نے جو اغراض ومقاصد بیان فرمائے ہیں ان میں اپنی تکلیف پر اپنے بھائی کی تکلیف کو ترجیح دینا بھی ہے، سب بہنیں جانتی ہیں کہ ہمارے پاس بہت زیادہ کرسیوں کی گنجائش نہیں ہوتی اور بسا اوقات بہت زیادہ مستحق خواتین کرسی نہ ہونے کی وجہ سے پریشان ہوتی ہیں۔ لہذا ہمیں چاہئے کہ ہم اپنا جائزہ لیں کہ اگر ہم چند گھنٹے کا پروگرام زمین پر بیٹھ کر سن سکتی ہوں تو اپنی زیادہ ضرورت مند بہنوں کی مدد کرنے کے لئے زمین پہ بیٹھ کر پروگرام سن لیں تا کہ کسی ضرورت مند کو کرسی دی جاسکے۔ علاوہ ازیں آپ کو جلسہ سالانہ کے موقع پر ''**چیئرز ایریا جلسہ گاہ مستورات مرکزی ہال**'' کے بارہ میں بھی معلومات دی جا رہی ہیں۔ امسال بھی اس شعبہ کو 2 حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے:

۔**چیئرز ایریا !** وہ ایریا ہوگا جہاں کرسیاں مہیا کی جائیں گی۔

۔**اوپن چیئرز ایریا!** وہ ایریا جہاں آپ اپنے گھر سے لائی گئی کرسیاں رکھ سکیں گی۔

۔آپ سے درخواست ہے کہ براہ کرم اپنے ID کارڈ اور چیئرز کارڈ واضح طور پر سامنے لگائیں ۔اور ڈیوٹی کارکنات کے طلب کرنے پر فوراً اُنھیں دکھائیں ۔

۔چیئرز کارڈ نہ ہونے کی صورت میں ڈیوٹی کارکنات کو یہ حق حاصل ہوگا کہ وہ آپ کو وہاں نہ بیٹھنے دیں ۔

۔کرسیوں کی کمی کی صورت میں بزرگ، بیمار، ضرورتمند اور حاملہ خواتین کا حق پہلے ہوگا۔ برائے مہربانی ایسی صورتحال میں اصرار نہ کریں ۔

## اوپن چیئرز ایریا کیلئے ہدایات:

۔اوپن چیئرز ایریا کیلئے آپکو کارڈ کی ضرورت ہوگی ۔لیکن خیال رہے کہ اوپن چیئرز ایریا کے کارڈ سے آپ چیئرز ایریا میں کرسی کی حقدار نہیں ہونگی ۔

۔چونکہ ہر کرسی کی شکل مختلف ہوتی ہے ۔اسلئے بسا اوقات اسٹیج نظر آنا مشکل ہوسکتا ہے ۔آپ سے درخواست ہے کہ اپنی کرسی اوپن چیئرز ایریا میں رکھنے کے معاملہ میں ڈیوٹی کارکنات کی مکمل اطاعت کریں ۔

۔شعبہ نظم وضبط کے تحت اس ایریا میں بھی کسی کو بھی آپ کے ساتھ بیٹھنے کی اجازت نہیں ہوگی ۔

۔اسی طرح دوران پروگرام اور وقفہ کے اوقات میں کرسی کی حفاظت کی ذمہ داری آپ کی اپنی ہوگی ۔گو کہ اس بات کی اجازت ہوگی کہ وقفہ کے دوران آپ اپنی کرسی اوپن ایریا میں چھوڑ سکیں ۔لیکن ان کی حفاظت کیلئے ڈیوٹی کارکنات قطعاً ذمہ دار نہ ہونگی ۔

5) **دفتر معلومات**:۔گزشتہ سال کے مسائل دیکھتے ہوئے خاکسار نے امسال یہ فیصلہ کیا ہے کہ جلسہ گاہ مستورات میں مرکزی گزرگاہ کے قریب ہی جلسہ گاہ کا نقشہ آویزاں کیا جائے گا۔اور آپ کی سہولت کو مدنظر رکھتے ہوئے جلسہ گاہ میں 3 متفرق جگہوں پر دفتر معلومات کا قیام عمل میں لایا جائے گا۔

6) I D CARD :۔ جلسہ پر آنے کے لئے جب آپ سامان وغیرہ تیار کر رہی ہوں تو یاد رکھیں کہ اپنا اور دیگر اہل خانہ کا I D Card ضرور رکھیں تا کہ کارڈ بنوانے کے لئے لمبی لائنوں میں لگنے کی زحمت سے بھی بچ سکیں اور جلسہ کی کارروائی سے بھی مکمل طور پر استفادہ کرسکیں ۔تینوں دن تجدید کروائیں خواہ آپ جلسہ گاہ میں ٹھہری ہوں یا پرائیویٹ خیمہ جات میں رہائش پذیر ہوں ۔ نیز یہ بھی لجنہ ممبرات کی ذمہ داری ہے کہ تینوں روز بروقت جلسہ گاہ حاضر ہوں ۔

نیز ہماری پاکستان سے تشریف لانے والی نئی بہنوں سے گزارش ہے کہ اگر بالفرض آپ کے پاس ID کارڈ موجود نہیں ہے تو اپنے صدر جماعت مقامی کی وساطت سے جلسہ سے قبل ایک تصدیق نامہ حاصل کرلیں ۔تا کہ عین وقت پر آپ کو پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے ۔

لجنہ ممبرات وناصرات اپنے I.D.Cards سامنے آویزاں رکھیں ۔

۔ براہ کرم آپ اپنا Ausweis بھی اپنے ہینڈ بیگ میں ضرور رکھیں ۔

۔خیال رہے کہ جلسہ گاہ مستورات میں سات سال سے زائد عمر کے لڑکوں کا داخلہ ممنوع ہوگا۔

7) **ممنوعہ اشیاء**:۔گزشتہ سالوں میں آپ کی خدمت میں بار ہا یہ درخواست کی جاتی رہی ہے کہ حفاظتی نقطۂ نظر سے باریک نوک دار ممنوعہ اشیاء مثلاً قینچی، چاقو، چُھری اور نیل فائلر وغیرہ جلسہ گاہ میں ہمراہ نہ لائیں، خُدا کے فضل سے اب بہنوں کی اکثریت مذکورہ بالا اشیاء ساتھ نہیں لاتیں ۔ واضح رہے کہ اس سال بھی اگر کسی بہن کے دستی سامان سے یہ اشیاء برآمد ہوئیں تو واپس نہیں کی جائیں گی ۔ کیونکہ اس سے آپ کا اور انتظامیہ کا وقت ضائع ہونے سے بچ جائے گا۔علاوہ ازیں کیمرہ بھی بیگ میں رکھنے کی اجازت نہیں ہو گی ۔نیز موبائیل فون بھی پروگرام کے دوران مکمل طور پر بند رہیں انکے ذریعے تصویر نہ لی جائے اور Mp3.player بھی جلسہ گاہ میں لانا منع ہے ۔

8) **سیکیورٹی**:۔سیکیورٹی کے ضمن میں عرض ہے کہ اس کے لئے صرف ڈیوٹی والی بہنیں ہی ذمہ دار نہیں بلکہ ہم سب کو اپنی اطراف میں نظر رکھنی ہے ۔مشکوک اجنبی، یا غیر مانوس حرکتیں یا چہرے اگر آپکی نظر سے گزریں تو اس شعبہ کو فوری آگاہ کریں ۔خود کسی قسم کی تفتیش نہ کریں اور نہ ایسا رویہ اختیار کریں جو دوسروں کے لئے باعث تکلیف ہو۔ نیز آپ سے یہ بھی درخواست ہے کہ براہ کرم سیکیورٹی کارکنات کے سامنے اپنے آپ کو بخوشی چیکنگ کیلئے پیش کریں ۔ کہ اسی میں ہم سب کا مفاد ہے ۔

یہ امر واضح رہے کہ اِمسال جلسہ گاہ مستورات میں آپ سب کی سہولت کے مدنظر دستی سامان کی چیکنگ کیلئے سکینرز سسٹم لگایا جائے گا۔انشاءاللہ تعالیٰ

9) Laptop,Ipad :۔براہ کرم جلسہ سالانہ کے موقع پر Laptop، Ipad اور فوٹو کیمرہ ہمراہ نہ لائیں ۔اور اگر بالفرض محال کوئی ممبر یہ اشیاء ساتھ لے آتی ہیں تو انتظامیہ اُن سے لینے کی مجاز ہوگی ۔ بعدازاں ممبرات کو یہ چیزیں بیت السبوح سینٹر فرینکفرٹ سے واپس لینی ہونگی ۔تاہم ایسی ناظمات جنھیں اپنے شعبہ جات میں لیپ ٹاپ اور آئی پیڈ کی ضرورت درپیش ہوگی وہ قبل از وقت خاکسار سے اجازت نامہ حاصل کرلیں ۔

10) **فوٹوگرافی**:۔ علاوہ ازیں اجتماع گاہ کی حدود میں iphone (ھینڈی) سے فوٹوگرافی کی قطعاً اجازت نہ ہوگی۔

11) **Handy چارج کرنا!** کالسروئے میں موجود اجلسہ گاہ میں بجلی کے استعمال کے سلسلہ میں توجہ دلانا چاہتی ہوں کہ جلسہ گاہ میں ہینڈیز چارج کرنے کے لئے مخصوص جگہوں کی بجائے ہر سوئچ کو استعمال کیا جاتا ہے جس سے اوورلوڈ ہونے کی بناء پر بسا اوقات پورے ہال کی بجلی بند ہو جاتی ہے۔ نیز انتظامیہ کو جلسہ کے اختتام پر اضافی بل کی صورت میں ایک خطیر رقم کی ادائیگی بھی کرنی پڑتی ہے۔ اِس لئے آپ سے گزارش ہے کہ برائے مہربانی اپنے Handy وغیرہ چارج کرنے کے لئے اُن کے لئے مخصوص کئے گئے سوئچ استعمال کریں۔ دیگر معلومات کے لئے ہماری ناظمہ تکنیک سے رابطہ فرمائیں۔

12) **کنڈر رواگن**: حسب سابق جلسہ سالانہ کے موقع پر بھی کنڈر رواگن پارک کرنے کے بعد اُن پر نمبر چسپاں کئے جائیں گے۔ بے بی سیٹ آپ ساتھ رکھ سکتی ہیں۔ بہنوں سے گذارش ہے کہ وہ ماسوائے اشد مجبوری کے کنڈر رواگن ہمراہ نہ لائیں۔ اس طرح آپ چیکنگ اور بہت بڑی زحمت سے بچ سکتی ہیں۔

13) نظم وضبط اور نظافت کے لئے ڈیوٹی تو ہوگی لیکن انفرادی طور پر ہم سب نے یہ ڈیوٹیاں ادا کرنی ہیں اور جلسہ سالانہ پر ہم نے جس روایت کو رواج دیا ہے اس کو اسی طرح جاری رکھنا ہے بلکہ اور بہتری پیدا کرنی ہے۔ اس غرض کے لئے یہ سوچ کر آنا ہے کہ خاموشی عبادت ہے، ایسی مجالس میں فرشتے پر پھیلائے رہتے ہیں جن میں اللہ کا ذکر ہو۔ ذکر الٰہی سے زبانیں ہر وقت تر رہنی چاہئیں۔

1) **لباس کا انتخاب**:۔ ہمیشہ کی طرح یہ یاد دہانی کروانا بھی ضروری ہے کہ اپنے پردے کا خیال رکھیں۔ اس سے مراد صرف سر راہ چلتے ہوئے پردہ کرنے کی بات نہیں بلکہ اپنا لباس بھی ایسا رکھیں جو حیا کا آئینہ دار ہو اور ایک احمدی خاتون کے وقار اور عزت میں اضافے کا باعث ہو اور جماعت کی نیک نامی میں بھی اضافہ کرنے والا ہو۔ اور بہت زیادہ آرائش و زیبائش اور زیورات کے استعمال سے بھی گریز کریں، طالبات و ناصرات سب کو خیال رکھنا چاہئے۔ ہال سے باہر جماعتی خدام و انصار ڈیوٹی پر ہوں گے اس لئے باہر نکلیں تو خاص طور پر خیال رکھیں، اس حوالے سے حضور اقدس ایدہ اللہ کے خطبات و خطابات میں کئی بار وضاحت سے ذکر ہو چکا ہے اطاعت امام ہی میں برکت اور ہماری بقا ہے۔

15) **ضیافت**:۔ کھانا لیتے ہوئے بہت احتیاط سے اتنا ہی کھانا ڈلوائیں جو آپ کی ضرورت کے مطابق ہو۔ کھانا ضرورت پڑنے پر دوبارہ لیا جا سکتا ہے لیکن کھانے کا ضیاع نہ ہو۔ علاوہ ازیں شعبہ ہذا کے انتظامی اُمور میں معاونت بالخصوص ناشتہ کی تقسیم کیلئے ایک بڑی ٹیم درکار ہے۔ آپ سب سے گزارش ہے کہ جو ممبرات بھی جلسہ گاہ میں رہائش رکھنے کا ارادہ رکھتی ہیں۔ وہ شعبہ ضیافت کی ناظمہ سے فوری رابطہ کریں اور کم از کم ایک گھنٹہ ضیافت میں ضرور ڈیوٹی دیں۔ بصورت دیگر آپ کو انتظار کی زحمت اُٹھانی پڑے گی۔
نیز'' صفائی نصف ایمان ہے '' کے حوالے سے اپنے اردگرد نظافت کا خاص خیال رکھیں حسبِ سابق اس سال بھی ضیافت میں بزرگ، بیمار، معذور اور ڈیوٹی کارکنات کے کھانے کیلئے الگ جگہ مخصوص ہوگی۔ انشاءاللہ تعالیٰ

اِمسال جلسہ گاہ مستورات کے نقشہ میں ایک تبدیلی یہ کی گئی ہے کہ تبشیر اور تبلیغ کے مہمانوں کیلئے شعبہ ضیافت کے باہر ایک الگ مارکی لگائی گئی ہے۔
جہاں پر اُن کی ضیافت کا انتظام ہوگا۔ انشاءاللہ تعالیٰ

16) **نظافت**:۔ ہمارا دوسرا ہدف نظافت ہے۔ ہم جلسہ سن رہے ہوں، جلسہ کی کارروائی کے بعد جلسہ گاہ سے نکل رہے ہوں یا کسی بھی جگہ پر ہوں ایک نظر ضرور ڈالیں کہ کوئی کوڑا کرکٹ تو نظر نہیں آ رہا۔ یہ نہ سوچیں کہ یہ کارکنات کی ذمّہ داری ہے۔ یہ ہم سب کی ذمّہ داری ہے۔ ہم جانتے ہیں کہ ہمارے پیارے نبی ﷺ نے صفائی کو نصف ایمان قرار دیا ہے۔ اور اس نظر سے اگر دیکھیں تو ہم اس خدمت کو بجالا کر سنّت نبوی ﷺ پر عمل پیرا ہو رہے ہوں گے۔ انشاءاللہ
حسب سابق اس سال بھی انتظامیہ کمیٹی جلسہ گاہ مستورات کی جُملہ ناظمات اپنی مصروفیات میں سے وقت نکال کر تقریباً 20 منٹ شعبہ نظافت wc میں ڈیوٹی دیں گی

17) **رہائش**:۔ آپ کی سہولت کو مدنظر رکھتے ہوئے امسال شعبہ رہائش میں بھی چند تبدیلیاں کی گئی ہیں۔ براہ کرم نوٹ فرما لیں۔
۔ رہائش کے ہال میں رات 23.00 بجے لائیٹس بجھا دی جائیں گی تا ممبرات آرام وسکون سے نیند پوری کر کے نماز تہجد و نماز فجر کی ادائیگی کیلئے بیدار ہو سکیں۔
۔ اسی طرح صبح 9.00 بجے تک رہائش کیلئے وائنڈ اپ کروا لیا جائے گا۔ امسال یہ سہولت بھی دی گئی ہے کہ سامان، بستر اور میٹرس وغیرہ دفتر امانات میں جمع کروانے کی بجائے ہال کے آخر میں جگہ مخصوص کی جائے گی۔ جہاں ڈیوٹی کیلئے کارکنات متعین ہونگی۔
۔ اِمسال شعبہ رہائش میں میٹرس (گدوں) کی سیکیورٹی فیس وصول نہیں کی جائے گی۔ تاہم یہ امر واضح رہے کہ میٹرس جلسہ گاہ کی حدود سے باہر لیجانے کی اجازت نہیں ہوگی۔

۔آپ سے درخواست ہے کہ اگر بآسانی ممکن ہو سکے تو براہ کرم بستر (سلیپنگ بیڈ، گدے وغیرہ) ہمراہ لائیں۔ کیونکہ اچانک تعداد میں اضافہ کے پیش نظر گدوں کی کمی کا امکان ہوسکتا ہے۔

۔امسال شعبہ رہائش میں کپڑے تبدیل کرنے کیلئے مخصوص کیبن دیے جانے کا امکان ہے۔ براہ کرم حیا کے تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے اس سہولت سے فائدہ اُٹھائیں۔ اور اگر بالفرض ناگزیر وجوہات کی بناء پر یہ سہولت نہ دی جاسکے تو پھر بھی نہ صرف خود محتاط رہیں بلکہ اپنے بچوں کو بھی وہاں کپڑے بدلنے سے منع کریں۔

۔براہ کرم اپنی قیمتی اشیاء نقدی، زیورات وغیرہ ہمراہ نہ لائیں۔ بصورت دیگر آپ خود ذمہ دار ہونگی۔

۔ اگر آپ کی رہائش پرائیویٹ خیمہ جات میں ہے تو اسطرح تیار ہو کر جلسہ گاہ تشریف لائیں کے جلسہ کے اختتام سے پہلے اس طرف جانے کی ضرورت نہ پیش آئے۔ جلسہ کے دوران خیمہ جات میں جانے کی اجازت نہیں ہوگی۔

18) **بازار:** بازار کے کھلنے اور بند ہونے کے اوقات کی پابندی ضروری ہے آپ سب ممبرات کے پاس جلسہ کا پروگرام موجود ہو اور اس کو دیکھتی رہیں۔ بازار انشاءاللہ پروگرام شروع ہونے سے نصف گھنٹہ قبل بند کر دیا جائے گا اور پروگرام ختم ہونے کے پندرہ منٹ بعد کھلے گا۔ کسی اشد ضرورت مثلاً بچوں کے دودھ وغیرہ کے لئے شعبہ خدمت خلق سے رابطہ کریں۔

19) **شعبہ شکایات:**۔☆امسال آپ کی طرف سے کسی بھی شعبہ کی کارکردگی سے متعلق موصول شدہ شکایات کے فوری حل کیلئے شعبہ شکایات کا قیام عمل میں لایا گیا ہے۔ واضح رہے کہ شعبہ ہذا کا دفتر کمیٹی تیاری جلسہ گاہ مستورات کے دفتر میں واقع ہوگا۔ جہاں انچارج کمیٹی تیاری کی زیرنگرانی موصولہ شکایات متعلقہ شعبہ تک پہنچائی جائیں گی اور ان کے حل کیلئے سعی کی جائے گی۔ انشاءاللہ

20) **انتظامیہ کیساتھ تعاون:**۔ نظام کے ساتھ مکمل تعاون اور اطاعت کی روح کا قیام بھی لازمی امر ہے۔ انتظامی لحاظ سے جلسہ گاہ کو مختلف حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے۔ جو جگہ آپ کے لئے مقرر کی گئی ہے جو اصول سب کے لئے بنائے گئے ہیں گزارش ہے کہ ان کے مطابق چلیں۔ تمام شعبہ جات میں مکمل تعاون کریں اور غیر ضروری بحث ومباحثہ سے اجتناب کریں۔ بحث وغیرہ کرنے سے ایک تو وقت ضائع ہوتا ہے دوسرے دیگر ممبرات پر اس کا اچھا اثر نہیں پڑتا۔ اس موقع پر اٹھائی جانے والی زحمت ہوسکتا ہے ہمیں بڑے اجر کا مستحق بنا دے۔ جلسہ گاہ میں اور جلسہ گاہ کی تمام حدود میں کسی قسم کی تلخ کلامی، لڑائی جھگڑے اور ناپسندیدہ باتوں سے اجتناب کریں۔ براہ کرم جلسہ کے پروگرام کے دوران ٹولیاں بنا کر جگہ جگہ اس طرح کھڑی نہ ہوں کہ جلسہ کا ماحول متاثر ہو۔ بلکہ ہال میں تشریف رکھیں اور غور سے پروگرام سنیں۔

جلسہ صرف تین روز کے لئے ہوتا ہے لیکن اس کے انتظامات وسیع پیمانے پر کئے جاتے ہیں اور جماعت کے بجٹ کا ایک بڑا حصہ ان ضروریات کے لئے وقف کیا جاتا ہے۔ ہمیں ہر ممکن کوشش کرنی چاہیے کہ کسی چیز کا کوئی نقصان نہ ہو۔ اگر کہیں پانی بہتا دیکھیں یا کوئی اور نقصان ہوتے دیکھیں تو نظرانداز نہ کریں اگر آپ کے بس کی بات نہ ہو تو ذمّہ دار افراد کی توجہ اس طرف مبذول کروانے کی کوشش کریں۔ اشیاء کے استعمال میں بھی احتیاط کریں ٹائیلٹ پیپر وغیرہ کا بھی غیر ضروری استعمال نہ کریں۔ بچوں کا خیال رکھیں کہ وہ عمارت کی کسی چیز کو نقصان نہ پہنچائیں۔ اگر ہم سب اپنی استعمال شدہ وہ اشیاء جن کو کوڑے میں پھینکنا ہے خود کوڑے کے تھیلوں میں ڈال دیں تو ثواب بھی ہوگا اور انتظامیہ کی مدد بھی ہو جائے گی۔ جزاکم اللہ احسن الجزاء

جلسہ سالانہ کی کامیابی کیلئے عاجزانہ دُعاؤں کی درخواست ہے بہت دُعائیں کریں اور حضور انور ایدہ اللہ کی خدمت میں دعائیہ خطوط تحریر کریں نیز حسب توفیق صدقات ادا کریں۔ خدا تعالیٰ ہماری پردہ پوشی فرمائے اور ہم سے راضی ہو۔ اللہ تعالیٰ ہمیں ہمیشہ اُن تمام فیوض و برکات کا وارث بنائے جو جلسہ سالانہ سے وابستہ ہیں۔ آمین

☆ خاکسار نیشنل عاملہ ممبرات اور جلسہ سالانہ کی تمام کارکنات کو دُعاؤں میں یاد رکھیں۔ جزاکم اللہ احسن الجزاء

نوٹ: صدرات سے درخواست ہے کہ براہ کرم جلسہ سالانہ کے حوالے سے مندرجہ بالا ہدایات اپنے حلقہ/مجلس کی ہر ممبر تک پہنچائیں۔

والسلام

خاکسار

امتہ الحئی احمد

نیشنل صدر وناظمہ اعلیٰ جلسہ گاہ مستورات 2014ء